© rasailojaraid.com



اخبار الجامعہ

# تقریب تقسیم انعامات

## سالانہ امتحانات ۱۴۱۹ھ / ۱۹۹۸ء

بفضل اللہ وتوفیقہ جامعہ کے تمام شعبہ جات کے سالانہ امتحانات مورخہ ۵ شعبان المعظم بمطابق ۲۵ نومبر بروز بدھ سے شروع ہو کر مورخہ ۱۳ شعبان ۱۴۱۹ھ بمطابق ۳ دسمبر ۱۹۹۸ء بروز جمعرات کو اختتام پذیر ہوئے۔ اس سے اگلے روز مورخہ ۱۴ شعبان کو مرکزی جامع مسجد اہلحدیث چوک اہلحدیث میں نماز جمعہ کے فوراً بعد مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے سالانہ نتائج کا اعلان کیا اور مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ نے امتیازی پوزیشنیں حاصل کرنے والے خوش قسمت طلبہ میں انعامات تقسیم کئے۔

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درس نظامی) میں کامیاب طلبہ :

| | | |
|---|---|---|
| جامعہ بھر میں اول | حافظ محمد قمر | ثانیہ متوسطہ |
| جامعہ بھر میں دوم | محمد فہد اکرم | الصف الاعدادی |
| جامعہ بھر میں سوم | فیض احمد بھٹی | ثانیہ عالیہ |
| جامعہ بھر میں سوم | عبدالرزاق | ثانیہ ثانویہ |

| کلاس | اول | دوم | سوم |
|---|---|---|---|
| ثانیہ عالیہ | فیض احمد بھٹی | سلیمان قلندر | منیب اللہ |
| ثالثہ ثانویہ | محمد اصغر | سرفراز احمد | حافظ عبدالخالق |
| ثانیہ ثانویہ | عبدالرزاق | محمد صغیر | حافظ عبدالرحمان شاکر |
| اولیٰ ثانویہ | بابر علی | محمد زکریا | عمران ریاض |
| اولیٰ متوسطہ | راشد محمود | محمد طارق | اکرام اللہ |
| ثانیہ متوسطہ | حافظ محمد قمر | خالد محمود | عبداللطیف |
| اولیٰ متوسطہ | محمد رضوان صدیقی | عبدالوکیل | مدثر حسین |
| الصف الاعدادی | محمد فہد اکرم | سمیع اللہ | محمد زبیر |

علاوہ ازیں شعبہ حفظ اور ناظرہ کے طلبہ کو بھی اول، دوم اور سوم پوزیشنوں پر انعامات دیئے گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## مین بازار کالا گوجراں میں جلسہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مورخہ ۲ دسمبر بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء مین بازار کالا گوجراں ... سیرۃ النبی ﷺ کے موضوع پر ایک عظیم الشان جلسہ عام کا اہتمام جناب عبدالوحید بن انعام قریشی صاحب نے زیر صدارت مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب کیا۔ جلسہ سے حضرت مولانا محمد صادق عتیق خطیب گوجرانوالہ نے اصلاح معاشرہ کے موضوع پر بڑا مفصل خطاب کیا۔ دسمبر کی یخ بستہ رات میں باہر گلی میں گیارہ بجے شب تک جلسہ جاری رہا۔ لوگ تو بڑے شوق سے سن رہے تھے ہمیں سو گئے داستاں کہتے کہتے
اس جلسہ میں کوٹلہ آئمہ، جہلم شہر اور ڈھوک صوبیدار سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔

## عبدالقیوم بھٹی صاحب و افتخار بھٹی (فان گیس والے) کو صدمہ

گزشتہ دنوں عبدالقیوم بھٹی صاحب کی اہلیہ اور افتخار بھٹی کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے پڑھائی۔ مرحومہ بڑی نیک، متقی اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی غلطیوں، گناہوں اور لغزشوں کو معاف فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## حاجی عبدالغفار صاحب کو صدمہ

گزشتہ دنوں حاجی عبدالغفار صاحب کی والدہ محترمہ جو کہ بڑی متقی، پرہیزگار اور دین کا ذوق و شوق رکھنے والی خاتون تھیں۔ اس دنیائے فانی سے رخصت ہو گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں جمعہ، جماعت، نماز تراویح اور اعتکاف کی عبادات کیا کرتی تھیں۔ مرحومہ کو قرآن و حدیث، تفسیر اور دینی کتب کے مطالعہ کا از حد شوق تھا۔ خود اپنی گرہ سے کتابیں خرید کر خود پڑھتیں اور دوسروں کو پڑھنے کے لئے دیتیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات اعلیٰ علیین میں بلند فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

## مرزا سلیم بیگ محمدی کا انتقال پر ملال

مرزا سلیم بیگ محمدی موضع دھنی تحصیل کھاریاں جن کا انتقال ۷۵ برس کی عمر میں مورخہ ۲۰ نومبر بروز جمعہ کو ہوا نہایت متقی اور پرہیزگار تھے۔ حضرت مولانا حافظ عبدالغفور صاحبؒ کے بڑے مداح تھے اکثر ان کی دعوتی کوششوں کا ذکر کرتے ان کے صاحبزادگان کو جب مل کر آتے تو مجھے ملتے اور کہتے کہ ادھر سے ہو کر آیا ہوں۔ صبح سے شام تک بلکہ بستر پر جانے تک دعوت و تبلیغ کو نہیں چھوڑتے تھے۔ جماعتی احباب سے استدعا ہے کہ اس محب اللہ و محب رسول ﷺ کے لئے مغفرت کی دعا فرمائیں۔ شکریہ۔

(مرزا رفیق بیگ۔ جامعہ اثریہ للبنات، جہلم)

© rasailojaraid.com